## پاکستان فلم انڈسٹری کے مقبول اداکار سید کمال کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان فلم انڈسٹری کے مقبول اداکار اور ایم کیوایم کلچرل ونگ کمیٹی کے رکن اداکار سید کمال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## بلدیہ ٹاؤن تھانے میں جیو نیوز کی ٹیم پر تشدد آزادی صحافت پر حملہ ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔یکم اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جیو نیوز کی ٹیم پر بلدیہ ٹاؤن تھانے میں ایس ایچ او ذوالفقار سموکی جانب سے تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو آزادی صحافت پر حملہ قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قانون کے محافظوں کی جانب سے صحافی برادری کو پیشہ وارانہ فرائض سے روکنا اور انہیں کمرے میں بند کرکے مغلظات بکنے اور تشدد کا نشانہ بنانے کا عمل قابل مذمت اور آزادی صحافت کی کھلی خلاف ورزی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے والے پولیس اہلکاروں کیخلاف قانونی کاروائی کی جائے۔

## بجلی کے نرخوں میں 6 فیصد اضافہ واپس لیا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی ارکان قومی اسمبلی نے حکومت کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں 6 فیصد اضافے کے اعلان پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ بجلی کے نرخوں میں اضافے سے مہنگائی مزید بڑھے گی جو کراچی سمیت ملک بھر کے غریب عوام کی زندگی پر براہ راست اثر انداز ہوگی۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے جبکہ شہری پہلے ہی مہنگائی کے بھاری بوجھ تلے دب ہوئے ہیں ایسے وقت میں بجلی کے نرخوں میں اضافہ شہریوں پر اضافی بوجھ ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب ملک بھر میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ جاری ملک کے سب سے بڑے صنعتی شہر کراچی میں دس گھنٹے سے زائد ہونے والی لوڈ شیڈنگ صنعتوں کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے اور دوسری جانب بجلی کی پیداوار بڑھانے کے بجائے الٹا بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان افسوسناک ہے جس سے نہ صرف معیشت بری طرح متاثر ہوگی، صنعتکاروں کے مسائل میں بھی مزید اضافہ ہوگا بلکہ صنعتی پیداوار میں کمی اور بیروزگاری میں اضافے کا خدشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے شکار سفید پوش عوام کی مالی مشکلات مزید بڑھ جائے گی اور گھریلو بجٹ بھی بری طرح متاثر ہوگا۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ عوام پر اضافی بوجھ ڈالنے سے گریز کرتے ہوئے بجلی کی قیمت میں اضافے کا اعلان فی الفور واپس لیا جائے اور لوڈ شیڈنگ کے خاتمے بجلی کی پیدوار میں اضافے جیسے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔

## تھرپارکر میوزیم سے قیمتی نوادرات کی چوری کا نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم اکتوبر 2009ء

حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے میر پور خاص کے تھرپارکر میوزیم سے قیمتی نوادرات کی چوری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میوزیم سے قرآن شریف کا قیمتی نسخہ، تاریخی تلواریں، خنجر اور سامان کی چوری حکومت سندھ کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ تھرپارکر میں تاریخی مقامات اور نوادرات قومی ورثہ ہیں جس کی حفاظت

حکومت کی اولین اورقومی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ غفلت برتنے والے سرکاری اہلکاروں کیخلاف محکمہ جاتی کارروائی اورملزمان کوجلدازجلد گرفتار کیا جائے اورتھرپارکر میوزیم نوادرات قومی ورثہ سمیت سندھ کے تمام تاریخی مقامات میں قیمتی نوادرات کی حفاظت کا موثر انتظام کیا جائے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العبادا وروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ تھرپارکر میوزیم سے نوادرات کی چوری کا نوٹس لیا جائے اور چوری میں ملوث عناصر کیخلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اورسندھ کے تمام تاریخی مقامات اورقیمتی نوادرات کی حفاظت کیلئے ٹھوس بنیادوں پراقدامات کیے جائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی کلچرل ونگ کے رکن فلم انڈسٹری کے مقبول اداکار سید کمال انتقال کر گئے،سوئم ہفتہ 3 اکتوبر ہوگا

## مرحوم کی نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،سینیٹرز،وزراء،اراکین اسمبلی،

## ایم کیوایم کے ونگز وشعبہ جات،اسٹیج ٹی وی اور فلمی دنیا وابسطہ معروف فنکاروں،اداکاروں اور گلوکاروں اورعزیزاقارب کی شرکت

کراچی۔۔۔یکم اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کلچرل ونگ کے رکن اور پاکستان فلم انڈسٹری کے مقبول اداکار سید کمال ولد زین العابدین شاہ طویل علالت کے باعث جمعرات کی صبح انتقال کر گئے(اناللہ واناالیہ راجعون)مرحوم کی عمر 75 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے دل کے عارضے میں مبتلا تھے کہ بدھ اورجمعرات کی درمیان شب ان کی طبیعت خراب ہوگئی اورحرکت قلب بند ہوجانے سے وہ اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔مرحوم نے سوگواران میں بیوہ،ایک بیٹا اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔سید کمال ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اورقائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے اورایم کیوایم کی پالیسیوں سے متاثر تھے،مرحوم آخری وقت تک ایم کیوایم کے کلچرل ونگ سے وابسطہ رہے اوراپنی علالت کے باوجودالطاف حسین کے خطابات اورایم کیوایم کے پروگراموں میں خصوصی شرکت کرتے رہے تھے۔دریں اثناءایم کیوایم کلچرل ونگ کے رکن سید کمال مرحوم کو بعد نماز عصر گذری قبرستان ڈیفنس میں سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز عصر سلطان مسجد ڈیفنس میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس،ڈاکٹر نصرت،حق پرست سینیٹرز،صوبائی وزراء،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،مشیران،ٹاؤن ناظمین،ایم کیوایم کلچرل ونگ کے ارکان،کلفٹن ڈیفنس ریزیڈنٹ کمیٹی کے ارکان،ایم کیوایم کلفٹن ڈیفنس سیکٹروذیلی یونٹوں کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان،اسٹیج،ٹی وی،ریڈیواور فلم کے اداکار،فنکار اورگلوکاروں اور مرحوم کے عزیزواقارب کے علاوہ مداحوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مرحوم کا فاتحہ سوئم ہفتہ 3 اکتوبر بعد نماز ظہر مرحوم کی رہائشگاہ واقع 69/2 اسٹریٹ نمبر 14 خیابان بدر فیز 7 ڈیفنس میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائیگی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔یکم اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹB-140 کے کارکن حبیب احمد کے صاحبزادے شکیل احمد،ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 191 کے جوائنٹ انچارج حیدرعلی کے والد ہاشم علی،ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر شعبہ خواتین ورکنگ کمیٹی کی رکن سائرہ باجی کے شوہر اکبرخان،ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن عارف عامر کے والد محمد یوسف،ایم کیوایم محمودآباد سیکٹر منظور کالونی یونٹ کے کارکن شیخ محمد جمال کی والدہ ظہرہ خاتون،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 84 کے جوائنٹ انچارج مرتضیٰ خان کے والد لال محمد اور یونٹ 181 ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکنان سید زاہد حسین اورسید اقبال حسین کی والدہ نفیسہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اورسوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆